मेरा साया

میرا سایا

ادا کاران

سنیل دت . سادھنا
دھمل . مکری

قیمت دس نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانا

گانا میرا سایہ فلم کے

جھمکا گرا رے بریلی کے بازار میں
جھمکا گرا رے
سیّاں آئے نین جھکائے گھر میں چوری چوری
بولے جھمکا پہنا دوں آجا بانکی چھوری
میں بولی نا نا نا بابا
نا کر جوراجوری
لاکھ چھڑایا سیّاں نے کلیاں ناہی چھوڑی
پھر کیا ہوا
پھر جھمکا گرا رے ہم دونوں کے تکرار میں
گھر کی چھت پر میں کھڑی
گلی میں دلبر جانی
ہنس کے بولے نیچے آ اب نیچے آ دیوانی
آ انگوٹھی پھینک اپنی یا چھلا دے نشانی
گھر کی چھت پہ کھڑے کھڑے ہم شرم سے پانی پانی
پھر کیا ہوا
پھر جھمکا گرا رے
ہم دونوں کے اس پیار میں

کیا میں بلما نے میری
نٹ الجھی سلجھائی
تھام کے آنچل بولے گوری تو میرے من بھائی
آنکھ جھکا کے کچھ نہ بولی دھیرے سے مسکائی
سیاں نے جب چھیڑا مجھکو ہو گئی ہاتھا پائی
تو پھر کیا ہوا
پھر جھمکا گرا رے
میں کیا بولوں بیکار میں
جھمکا گرا رے بریلی کے بازار میں
جھمکا گرا رے...

گانا نمبر ۲:- آپ کے پہلو میں آکر رو دیئے
داستانِ غم سنا کر رو دیئے
زندگی نے کر دیا جب بھی اداس
آ گئے گھبرا کے ہم منزل کے پاس
سر جھکایا سر جھکا کے رو دیئے
شام جب آنسو بہاتی آ گئی
ہر طرف غم کی اداسی چھا گئی
دیپ یادوں کے جلا کر رو دیئے
غم جدائی کا سہا جاتا نہیں
آپ کے بن اب رہا جاتا نہیں
بہاریں کیا کیا گنوا کر رو دیئے

داستانِ غم سنا کر رو دیجئے

گانا نمبر ۳:۔ بتیوں میں بدرا چھائے
بجلی سی چمکی ہائے
ایسے میں بلم موہے گروا لگائے
بدرا میں ڈوبی انکھیاں
چنچل ہیں دونوں سکھیاں
جھپتی رہیں گی تو ہے پلکوں کی پیاری پکھیاں
شرما کے ڈبیں گی تو ہے بدرا ہے پیارے
پریم دیوانی ہوں میں
سپنوں کی رانی ہوں میں
پچھلے جنم سے تیری پریم کہانی ہوں میں
اس جنم میں بھی تو اپنا بنا لے

گانا نمبر ۴:۔ تو جہاں جہاں چلے گا
میرا سایا ساتھ ہوگا
کبھی مجھکو یاد کرکے جو بہیں گے تیرے آنسو
تو وہیں پہ روک لیں گے
انہیں آ کے میرے آنسو
تو جدھر کا رُخ کرے گا
میرا سایا ساتھ ہوگا
تو اگر اداس ہوگا
تو اداس ہوں گی میں بھی

نظر آؤں یا نہ آؤں
تیرے پاس ہونگی میں بھی
تو کہیں بھی جا رہے گا
میرا سایا ساتھ ہو گا

میں اگر بچھڑ بھی جاؤں
کبھی میرا غم نہ کرنا
میرا پیار یاد کر کے
کبھی آنکھ نم نہ کرنا
تو جو مڑ کے دیکھ لے گا
میرا سایا ساتھ ہو گا

میرا غم رہا ہے شامل
تیرے دکھ میں تیرے غم میں
میرے پیار نے دیا ہے
تیرا ساتھ ہر جنم میں

گانا نمبر ۵۔ نینوں والی نے ہائے میرا دل لوٹا
اک متوالی نے ہائے میرا دل لوٹا
مسکراتی اٹھلاتی گاتی
آئی زلف کھولے
کوئلیا چپ ہو جائے کیسے
اُس کی پائل بولے
مجھے دکھا کے پیار بھرے دو نیناں بھولے بھالے

نینوں والی نے اک متوالی نے
ہائے میرا دِل ٹوٹا
نیندیں اُس کی جو آجائے
وہ قیدی نہ چھوٹے
لاکھوں بندھن ٹوٹیں لیکن
یہ بندھن نہ ٹوٹیں
نیند چُرائی مجھ سے
کر کے وعدے جھوٹے جھوٹے
بھولی بھالی نینوں والی نے
ہائے میرا دِل ٹوٹا
نازو ادا سے چاند کے آگے
گھونگھٹ جب سرکائے
چاند تڑپ کر اُس کے
گورے قدموں پر گر جائے
تارے پوچھیں ہوا ہے کیا
تو چاند یہ بولے ہائے
اِک متوالی نے
ہائے میرا دِل ٹوٹا

تمام شد

اردو انگلش میٹرک پاس

دنیا کے ایک کونے سے دوسرے کونے تک انگریزی بولی جاتی ہے۔
دنیا کے چھوٹے بڑے بیوپاریوں میں ملوں اور کارخانوں میں
غرضیکہ دنیا میں ہر جگہ انگریزی کا بول بالا ہے۔ اگر آپ
اگر انگریزی نہیں جانتے تو آپ دنیا سے الگ تھلگ
پڑے رہیں گے۔ اسلئے انگریزی سیکھئے۔ انگریزی
خاندانوں میں جس طرح بچے اپنے گھر والوں سے
انگریزی بولنا سیکھ لیتے ہیں۔ آپ بھی صرف ایک
گھنٹہ روزانہ ہماری کتاب کو پڑھکر تین مہینے میں
سیکھ سکتے ہیں۔ اور انگریزی میٹرک کی قابلیت حاصل
کر سکتے ہیں۔ یہ کتاب یورپ کے ایک مشہور مصنف کی
کتاب کی مدد سے لکھی گئی ہے۔ یہ کتاب ہائی سکول
و کالج کے لڑکوں کیلئے فائدہ مند ہے۔ بہت
آسان زبان میں لکھی گئی ہے۔ صرف انگریزی میں میٹرک
کا امتحان دینے والے لڑکے اور لڑکیاں اس اکیلی
کتاب کی مدد سے پاس ہو گئے ہیں۔ جلد
منگوا کر فائدہ اٹھائیں۔

قیمت صرف چھ روپے علاوہ ڈاک خرچ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی